
BOOKMARK

ابتدائی اوّل

# اسلامیات



نیلما کنول

# ہمارا پیارا اللہ تعالیٰ

مقصد: اللہ تعالیٰ کی پہچان کرانا، اس کی وحدانیت اور صفات بتانا۔

س: ہم کون ہیں؟

ج: مسلمان۔

س: ہمارا مذہب کیا ہے؟

ج: اسلام۔

س: ہمیں کس نے پیدا کیا ہے؟

ج: اللہ تعالیٰ نے۔

س: ہمارے ماں، باپ، بہن، بھائی کو کس نے پیدا کیا ہے؟


ج: اللہ تعالیٰ نے۔

س: اللہ تعالیٰ کون ہے؟

ج: اللہ تعالیٰ ہمارا مالک ہے۔

## سرگرمی

نقطے جوڑیں اور رنگ بھریں۔



**ہدایات**

سبق کے اختتام پر بچوں سے مختلف سوالات کیے جائیں مثلاً آپ کے ہاتھ، کان، ناک وغیرہ کس نے بنائے؟ پھول، پودے کس نے بنائے؟ بچوں کو بتایا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے کون کون سی چیزیں بنائی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی کیا کیا صفات ہیں وغیرہ۔

# یہ دنیا کس نے بنائی؟

مقصد: اللہ تعالیٰ کی قدرت کے بارے میں بتانا۔

س: ہماری یہ پیاری سی دنیا کس نے بنائی ہے؟

ج: اللہ تعالیٰ نے۔

س: یہ خوبصورت پرندے اور جانور کس نے بنائے ہیں؟

ج: اللہ تعالیٰ نے۔


س: سورج، چاند، ستارے کس نے بنائے ہیں؟

ج: اللہ تعالیٰ نے۔



**سرگرمی**

تصویر میں رنگ بھریں۔



**سوچیں اور بتائیں**

کوئی پانچ ایسی چیزوں کے نام بتائیں جو اللہ تعالیٰ نے بنائی ہیں۔

---

**ہدایات**

مختلف مثالوں کے ذریعے اللہ تعالیٰ کے خالق ہونے کی پہچان کروائیں۔ مثلاً جس وقت بچے تصویر میں رنگ بھریں اس وقت ان کو ایک اصلی پھول دکھا کر یہ پوچھا جائے کہ اس پھول میں رنگ کس نے بھرا ہے؟

# کلمہ طیبہ

مقصد: کلمے کا تعارف اور اہمیت بتانا۔

س: پہلا کلمہ کون سا ہے؟

ج: پہلا کلمہ طیبہ۔

س: طیبہ کے کیا معنی ہیں؟

ج: طیبہ معنی پاک۔

کلمہ طیبہ سنائیے۔

## لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

"اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔"

س: جو بچے ہر وقت کلمہ پڑھتے ہیں اُن کو اللہ تعالیٰ کیا دیتا ہے؟

ج: اللہ تعالیٰ اُن کو بہت ثواب دیتا ہے۔

**کیا آپ کو معلوم ہے؟**

اللہ کو ایک ماننا عقیدۂ توحید کہلاتا ہے۔

# بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

مقصد: ہر کام شروع کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کو یاد کرنے کی عادت پیدا کرنا۔



س: مسلمان ہر کام شروع کرنے سے پہلے کس کو یاد کرتے ہیں؟

ج: اللہ تعالیٰ کو۔

س: اللہ تعالیٰ کو یاد کرنے کے لیے ہم کیا پڑھتے ہیں؟

ج: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔

س: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے کیا معنی ہیں؟

ج: "اللہ کے نام سے شروع کرتا / کرتی ہوں جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔"

س: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھنے سے کیا ہوتا ہے؟

ج: اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے اور ہمارے کام میں برکت دیتا ہے۔

**سوچیں اور بتائیں**

بستے سے کتابیں نکالتے وقت ہمیں کیا پڑھنا چاہیے؟

---

**ہدایات:** بچّوں کو مثالیں دے کر بتائیں کہ ہم کب کب پڑھتے ہیں مثلاً کھانا کھانے سے پہلے، پڑھائی سے پہلے، وضو شروع کرنے سے پہلے وغیرہ۔

اسلامیات کا یہ نصابی سلسلہ ابتدائی اوّل (نرسری) جماعت سے آٹھویں جماعت تک کے طلبا کے لیے اپنی نوعیت کا ایک منفرد سلسلہ ہے۔ ان کتب کو مرتب کرتے وقت طلبا کی ذہنی استعداد کو خاص طور پر ملحوظ رکھا گیا ہے۔ لہٰذا آسان اور عام فہم زبان میں اسلام کے بنیادی عقائد کو صرف خوب صورت انداز میں پیش کیا گیا ہے بلکہ اس طرح کی سرگرمیاں بھی ترتیب دی گئی ہیں جو اسلامی تعلیمات کو عملی زندگی کا حصہ بنانے میں بے حد مددگار ہوں گی۔

اساتذہ کی بہترین رہنمائی کے ساتھ ساتھ طلبا کی ذہنی نشوونما کے لیے ایسی مشقیں ترتیب دی گئی ہیں جو طلبا میں غور وفکر کی عادت پیدا کرنے، اخلاق کردار کی تعمیر کرنے، صحت مند اسلامی معاشرے کی بنیاد ڈالنے اور معاشرتی مسائل کو حل کرنے میں ان کی معاون ثابت ہوں۔

حکومت پاکستان کی نئی تعلیمی پالیسی کو مدِنظر رکھتے ہوئے ان کتابوں کا مواد قرآن وسنت کی روشنی میں مستند ذرائع استعمال کرتے ہوئے جمع کیا گیا ہے اور نصاب کو اس طرح ترتیب دیا گیا ہے کہ طلبا آگے چل کر بورڈ کے امتحانات میں بھرپور صلاحیتوں کا مظاہرہ کر سکیں۔ اس بات کی بھی کوشش کی گئی ہے کہ کتابیں مکمل طور پر جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہوں تاکہ مضمون میں طلبا کی دلچسپی مسلسل برقرار رہے۔ اس سلسلے کو مزید بہتر بنانے میں ہم اساتذہ اور والدین کی مفید آرا کے منتظر رہیں گے۔

Helpline
+923363-008-008

For your suggestions and feedback,
write us at: info@bookmark.com.pk

Follow us on:
/BookmarkPublishing
/bookmarkpublishingpak
/infobookmark
/bookmarkpublishing
/bookmarkpublishing
www.bookmark.com.pk

ISBN 969-7587-32-2
9 789697 587322
Printed by: Urban Upgarge